نفسیاتی علاج کے لیئے رضامندی کا اظہار نامہ

اسلام علیکم:

محترم-------------------------------

آپ سے درخواست کی جاتی ہے کہ نیچے دی گئی معلومات کو پڑھیں، اگر آپ اس معلومات سے متفق ہوں تو اس فارم کے آخر میں اپنے دستخط کیجئے۔ آپ کے دستخط سے ظاہر ہو گا کہ آپ ہماری خدمات حاصل کرنا چاہتے ہیں اور علاج کے طریقہ کار میں رضامندی کا اقرار کرتے ہیں۔

میں آپ کو Happy Life Psychological Services Pakistan میں خوش آمدید کہتا ہوں۔ Happy Life Psychological Serices یعنی کہ HLPS ایک پرائیویٹ رجسٹرڈ نفسیات کا ادارہ ہے جو کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 16 (ایکس آئی ایکس 2017) کے تحت حکومت پاکستان سے رجسٹرڈ ہے۔ جس کا کارپوریٹ یونیورسل آئیڈنٹیفیکیشن نمبر 0152246 ہے۔ یہ ڈاکومنٹ آپ کے اور ہمارے مابین ایک معاہدہ ہے جو کہ انتہائی اہم معلومات پر مشتمل ہے جس کو پڑھنا اور سمجھنا آپ کے لیئے بہت ضروری ہے۔ اس فارم میں دی گئی معلومات ڈیٹا پروٹیکشن اور آن لائن جرائم کی روک تھام کے ایکٹ 2016 (2016 کے ایکٹ نمبر ایکس ایل) اور ڈیٹا پروٹیکشن بل 2018 کی تعمیل کرتاہے جو کہ ایک وفاقی قانون ہے۔ جو کلائینٹ (یعنی کہ مریض) کی زاتی معلومات کی راز داری، علاج کے بارے میں مکمل معلومات، فیس کی ادائیگی، علاج کے تمام تر مراحل، اس علاج کے مقاصد، علاج کے تمام پہلوؤں اور اس علاج کی معلومات کی ممکنہ Limitations یعنی کہ کن حالات میں اور کس حد تک آپ کے بارے میں معلومات کس کو فراہم کی جا سکتی ہے۔ بطور مریض آن لائن سروسز کے قوانین کو سمجھنے کے لیئے ECA یعنی کہ Electronic Crime Act 2016 کو آپ پڑھ سکتے ہیں۔ یہ ایکٹ آپ کی درخواست پر HLPS بھی فراہم کر سکتا ہے تا کہ علم میں مزید اضافہ ہو اور آپ بطور مریض اپنے حقوق کے بارے میں بہتر طور پر جان سکیں۔

1: تھراپسٹ ان ٹریننگ:

مجھے اس بات کا علم ہے کہ HLPS پاکستان اور بیرون پاکستان موجود پاکستانی اور غیر ملکی سائیکالوجی کے طلباء اور پروفیشنل سائیکالوجسٹس کو ٹریننگ دیتا ہے۔ جس کے نتیجے میں ان سائیکالوجسٹس کی مہارتوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ ان زیر ٹریننگ سائیکالوجسٹس / تھراپسٹس کو Trained سائیکالوجسٹس، سائیکاٹرسٹس اور جہاں کہیں ضرورت پڑے باقی پروفیشنلز اپنی متعلقہ ٹریننگ دیتے ہیں۔ ان Trainee Psychologists کو جب ضرورت پڑے تو یہ ہمارا کیس اپنے متعلقہ سپروائیزر کے ساتھ Discuss کرتے ہیں تاکہ میرے مسئلے کو مزید بہتر انداز میں Deal کیا جا سکے۔ یہ زیر ٹریننگ سائیکالوجسٹس اور ان کے سپروائزرز اس بات کے پابند ہیں کہ وہ میرے متعلق تمام تر معلومات کو اسلامی جمعوریہ پاکستان کے وفاقی قوانین کے مطابق خفیہ رکھیں۔ یہ میرے علم میں ہے کہ جس ورکشاپ کے زریعے میں ان کی خدمات حاصل کر رہا ہوں ان کو سائیکالوجسٹ نوید سلطان سپروائیز کر رہے ہیں۔ اور جس شخص سے میرا علاج کروایا جا رہا ہے وہ یہ بھی ایک سائیکالوجسٹ ہیں۔

2: علاج کے لیئے رضامندی:

میں اس علاج کے لیئے رضامند ہوں اور ہیپی لائف سائیکالوجیکل سروسز کے مینٹل ہیلتھ سٹاف، زیر ٹریننگ سائیکالوجسٹس کو یہ اختیار دیتا ہوں کہ وہ میرا علاج کریں۔ اور ضرورت پڑنے پر مجھ سے پوچھ کر اور میری رضامندی کے بعد میرے خاندان جیسا کہ والدین، اولاد، بیوی / شوہر یا بہن بھائیوں میں کسی سے رابطہ کر کے معلومات لے سکتے ہیں جو کہ میرے علاج کے لیئے ضروری ہو۔ مجھے یہ پورا اختیار حاصل ہے کہ میں کسی بھی وقت اپنی تھراپی کے سیشنز لینا بند سکتا ہوں اور مجھ پر HLPS کی طرف سے کوئی پابندی نہیں ہو گی۔ البتہ وہ مجھ سے رابطہ کر کے سیشنز نہ لینے کی وجہ ضرور پوچھ سکتے ہیں۔

3: ہنگامی صورت حال:

ہیپی لائف سائیکالوجیکل سروسز ہنگامی صورت میں خدمات نہیں دیتا، ہم صرف پہلے سے لی گئی Appointment کے تحت ہی علاج فراہم کرتے ہیں۔ اس لیئے اگر آپ کو ہنگامی صورت حال کو سامنا ہو تو اپنے قریبی سرکاری ہسپتال رابطہ کریں یا سرکاری ہیلپ لائن 15 اور 115 یا پھر ایدھی ویلفئر کے قریبی دفاتر سے بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ وزارت قومی صحت کے لینڈ لائن نمبر 9245717-51-92+ پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

4: تقرری علاج یعنی کہ Appointment:
ہم صرف بزریعہ Web یعنی کہ اس لنک Www.picktime.com/hlps موصول ہونے والی تقرری کے 24 گھنٹے کے اندر اندر آپ کو Confirmation Email کر دی جاتی ہے۔ بعض اوقات آپ کو جواب دینے کا دورانیہ بڑھ بھی سکتا ہے جیسا کہ مزہبی وروایتی تہوار، Public Holidays, یا پہلے سے موجود زیادہ Appointments کا ہونا۔ ہمارا عملہ آپ کو ترجیح بنیادوں پر بزریعہ ای میل آگاہ کرتا ہے کہ آپ کو کس تاریخ، کس وقت، کون سا سائیکالوجسٹ Deal کرے گا۔ اسی ای میل میں سائیکالوجسٹ کا نام، موبائل نمبر، واٹس ایپ نمبر، اور اس سائیکالوجسٹ کا Trainee Code یا Employement Code آپ کو بتا دیا جاتا ہے۔ ہمارے سائیکالوجسٹس پہلے سے ہی Verified ہوتے ہیں، ان کی تعلیمی اسناد اور متعلقہ تعلیمی Certificates کی تصدیق کے بعد ہی ان کو ٹریننگ یا اپنی ٹیم کا حصہ بنایا گیا ہے۔ اس لیئے آپ سے گزارش ہے کہ سائیکالوجسٹ سے زاتی نوعیت کے سوالات جن کا تعلق علاج سے نہ ہو پوچھنے سے اجتناب کریں۔ البتہ سائیکالوجسٹس آپ کے مسئلے کے متعلق آپ کی معلومات صرف علاج کے مقاصد کے لیئے لیتے ہیں۔ اس لیئے آپ ہمارے سائیکالوجسٹس کے ساتھ تعاون کریں۔ بالفرض آپ سیشنز کے دوران کسی بھی مرحلے پر Uncomfortable محسوس کریں یا غیر یقینی صورت حال کا سامنا کریں تو پہلے ہمارے اس ای میل ایڈریس HappyLifeClinics@gmail.com پر رابطہ کریں۔ اگر آپ سائیکالوجسٹ تبدیل کرنا چاہیں تو بھی اسی E-mail ایڈریس پر درخواست کی جاسکتی ہے۔ کیوں کہ یہ ایک آن لائن سروس ہے اس لیئے موبائل کال پر آنے والے اخراجات آپ نے ادا کرنے ہوتے ہیں یعنی کہ کال آپ نے کرنی ہوتی ہے۔ Appointment میں دیئے گئے وقت پر اگر آپ 10 منٹ تک رابطہ کرنے سے قاصر رہتے ہیں تو آپ کی Appoitment منسوخ تصور کی جائے گی اور آئیندہ دوبارہ آپ کو Appointment لینی ہو گی۔ ہو سکتا ہے نئ Appointment پر آپ کا سائیکالوجسٹ وہ نہ ہو جو پہلے تھا۔ آپ کی Appointment کے وقت سائیکالوجسٹ اس بات کا مجاز نہیں کہ وہ آپ سے خود رابطہ کرے۔ البتہ کوئی سائیکالوجسٹ یا ہمارا عملہ کا کو ممبر آپ کو بزریعہ کال یا SMS مطلع کرتا ہے تو بھی ٹھیک ہے۔

5: تنسیخ علاج:
ہیپی لائف سائیکالوجیکل سروسز اس بات کا مجاز ہے کہ وہ آپ کا علاج آپ کی طرف سے کی گئی کسی بھی لاپرواہی، غیر ضروری سوالات جن کا تعلق علاج سے نہ ہو، دوران سیشن غیر زمہ داری کا مظاہرہ کرنا، سائیکالوجسٹ کی طرف سے دی گئی سرگرمیاں نہ کرنا، وقت پر رابطہ نہ کرنا یا پھر ہمارے عملے یا Trainees کو کسی بھی لحاظ سے ہراساں کرنا آپ کے سیشن کی قبل از وقت منسوخی کی وجہ بن سکتی ہے۔ اگر کلائینٹ کی طرف سے آن لائن جرائم یا Harassment کی گئی ہو تو اسے وفاقی قوانین کے تحت قانونی کاروائی کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے۔

البتہ آپ کو تنسیخ نفسیاتی علاج کا ایک ای میل کر دیا جائے گا جس کی ایک کاپی HLPS Director کو ارسال کی جائے گی۔

6:ڈیٹا ریکارڈنگ اور شیئرنگ:
آپ کا سائیکالوجسٹ آپ کی تمام تر معلومات کو خفیہ رکھنے کا پابند ہے لیکن مجموعی طور بغیر نام بتائے مفاد عامہ کی خاطر اور اپنے ادارے کی ماہانہ، سالانہ یا سرگرمی کی رپورٹس بنانے کے لیئے ڈیٹا استعمال کیا جائے گا جو بعد ازاں ریسرچ کے لیئے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

7: فیس کی ادائیگی:
میں جانتا/جانتی ہوں کہ مجھے ہیپی لائف سائیکالوجیکل سروسز کی خدمات کے عوض ہر سیشن کی طے شدہ فیس ادا کرنی ہوگی۔ جو کہ Appointment وقت بزریعہ ای میل بتادی گئی ہے۔ اس فیس ادائیگی کی رسید بھی بزریعہ ای میل بھیجی جائے گی۔البتہ اگر میں مالی حالات کی کمزوری کی وجہ سے فیس ادا نہ کر سکوں تو مجھے اپنی آمدن کی کمی کا کوئی ثبوت دینا ہو گا جس کے تناسب سے Happy Life Psychological Services مجھے مشروط Discount خدمات کے اعتبار سے دے گا۔ البتہ مجھے تمام سیشنز کی فیس یکمشت یا ہر سیشن کے وقت ادائیگی کا کہا جا سکتا ہے۔ بالفرض میں طے شدہ فیس کسی وجہ سے وقت پر ادانہ کرپایا تو ساٹھ دن یعنی کہ دو ماہ بعد Happy Life Psychological Services قانونی کاروائی کر سکتا ہے جس کے نتیجے میں میرا ریکارڈ عدالتی کاروائی کے لیئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ جس پر مجھے کوئی اعتراض نہیں ہو گا۔

البتہ موجودہ ٹریننگ کورس جس کا نام Certificate in Clinical Psychology ہے کہ تحت مجھے نفسیاتی خدمات بالکل مفت فراہم کی جائیں گی البتہ 50 روپے رجسٹریشن فیس ادا کرنی ہو گی۔ یہ رجسٹریشن فیس بھی Happy Life Psychological Services اپنے زاتی استعمال میں نہیں لائے گا بلکہ کسی اور کلائینٹ ادویات یا سائیکاٹرسٹ کی فیس کے لیئے استعمال کرے گا۔ اگر دوران علاج مجھے سائیکاٹرسٹ اور سائیکاٹری ادویات کی ضرورت پڑ گئی تو اس کے لیئے مجھے ادائیگی کرنی ہوگی جس میں پاکستان پوسٹ یا پرائیویٹ کوریئر سروس کے اخراجات بھی شامل ہوسکتے ہیں۔

8: رازداری کی حدود:
صوبائی اور وفاقی قوانین کلائینٹس کی رازداری کے حق کی حفاظت کرتے ہیں اور Happy Life Psychological Services کا چارٹر بھی یہی ہے کہ کلائینٹ اور تھراپسٹ کے مابین جو بھی بات چیت ہو اسے مکمل طور پر رازداری میں رکھا جائے۔ اگر دوران علاج کسی اور معالج جیسا کہ سائیکاٹرسٹ، سپیچ تھراپسٹ وغیرہ کی خدمات ضرورت ہوں تو آپ کی طرف سے اجازت ملنے پر آپ کی معلومات صرف HLPS کے Approve کردہ روفیشنلز سے ہی معلومات کا تبادلہ کیا جا سکتا ہے جس کا مقصد صرف آپ کو بہترین علاج کی سہولیات فراہم کرنا ہی ہوتا ہے۔ مزید معلومات کے لیئے آپ Notice of Privacy Practices جو کہ الیکٹرانک جرائم کی روک تھام کے ایکٹ 2016 (ایکٹ نمبر ایکس ایل 2016) کی وضاحت کرتا ہے کا مطالعہ کریں اس میں آپ اپنی صحت کے متعلق مزید ضروری حقوق کے بارے میں جان سکیں گے جو کہ ایک شہری کو جاننا ضروری ہوتے ہیں۔ کچھ شرائط اور لوازمات ہوسکتی ہیں جن کے تحت آپ کے لکھ کر دیئے گئے اقرار نامے / اجازت نامے کے تحت آپ کی کچھ ممکنہ معلومات جس سے آپ کی عزت نفس، جان ومال کو نقصان نہ ہو آپ کی معلومات دی جا سکتی ہے۔

جیسا کہ

8.1: ہمارے سائیکالوجسٹس کے ساتھ دوران سیشن معلومات کا کیا گیا تبادلہ سپروائیزر کے ساتھ شیئر کرنا۔
8.2: سیشن کے دوران کسی دوسرے Authorised Professional کے ساتھ معلومات کا تبادلہ کرنا۔ جس سے علاج کی کوالٹی میں بہتری لائی جا سکے۔ Happy Life Psychological Services ذہنی صحت کا ایک بااعتماد ادارہ ہے ہم اس بات کے پابند ہیں کہ آپ کی تمام تر معلومات کی حفاظت یقینی بنائیں۔
8.3: آپ کے لیئے یہ جاننا ضروری ہے کہ ہم ذہنی صحت کے کچھ Disorders کے علاج کے لیئے باقی پروفیشنلز کی خدمات بھی حاصل کرتے ہیں جن سے جامع طور پر ہم کیس Discussion کرتے ہیں یا پھر ٹیکنیکل مدد لیتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہمارے ادارے میں Administration & Supporting Staff بھی کام کرتے ہیں جن میں سے کچھ Communication Staff آپ سے Appointment کی تفصیلات یا بلز وغیرہ کے لیئے رابطہ کر سکتے ہیں۔ جس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ آپ کی وہ معلومات جو تھراپسٹ کے ساتھ شیئر کی گئی ہے وہ سب کے علم میں ہو۔ یہاں آپ کی زاتی معلومات کے زمہ دار صرف آپ کے متعلقہ ماہر نفسیات ہیں۔

ہمارے تمام سائیکالوجسٹس اس بات کے پابند ہیں کہ وہ کسی بھی قسم کی معلومات کو کسی تیسرے شخص سے شیئر نہ کریں۔ اگر کوئی سائیکالوجسٹ کلائینٹ کی معلومات کا تبادلہ (جیسا کہ کلائینٹ کی تصاویر، ایس ایم ایس، سکرین شارٹس، کیس کی سٹوری) کرتے ہوئے (غلطی سے جان بوجھ کر) پکڑا گیا تو پہلے ادارہ اس سائیکالوجسٹ / تھراپسٹ کے خلاف قانونی کاروائی کرے گا۔ اور ان کا نام inefficient professionals کی لسٹ میں ڈالے گا جس کے بعد ان سے HLPS کی طرف سے تمام تر پروفیشنل تعلقات ختم کر دیئے جائیں گے۔ اس لیئے ہمارے سائیکالوجسٹ معلومات کی حفاظت کی ہر ممکن کوشش کریں گے اور کسی قسم کی کوتاہی نہیں کریں گے جس سے نفسیات کے Ethics کی خلاف ورزی ہو۔

اس کے علاوہ کچھ مزید وجوہات بھی ہو سکتی ہیں جن کی صورت میں آپ کے متعلق ضروری معلومات متعلقہ سرکاری اداروں کو آپ کی اجازت کے ساتھ یا اجازت کے بغیر بھی Partial Information دی جا سکتی ہے۔

جیسا کہ

8.4: آپ اگر کسی قانونی یا عدالتی کاروائی میں شامل ہوں۔

کیا میں اپنے نفسیاتی علاج کی رپورٹ حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟
جیسا کہ آپ جانتے ہیں ہمارا ادارہ عوام کی Quality of Life کو بہتر بنانے کے لیئے کام کرتا ہے۔ ہماری کوئی بھی رپورٹ کسی بھی قانونی/عدالتی/ Health Reimbrusement/Health Insurance وغیرہ کے لیئے کارآمد نہیں ہے۔ البتہ جن اداروں کے ساتھ ہمارا MoU سائن ہو تو متعلقہ ادارے کا Responsible Person ہی رابطہ کر کے MoU میں موجود شرائط کے مطابق Reports حاصل کر سکتا ہے۔
عموماً نفسیات کی رپورٹس کو پڑھ کر لوگ اپنی مرضی کے مطلب نکال لیتے ہیں جو کہ غلط تاثر دیتی ہیں اس لیئے ہم جب تک ضرورت نہ پڑے کوئی رپورٹ نہیں مرتب کرتے البتہ ریکارڈ موجود رہتا ہے۔

اس کے علاوہ کلائینٹ کے خلاف درج زیل صورتوں میں قانونی کاروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔

#جیسا کہ کلائینٹ کسی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث ہو۔
#کسی کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرے یا خود کو نقصان پہنچائے۔
# ہمارے سایکالوجسٹس یا عملہ کو بذریعہ سوشل میڈیا، موبائل فون، ای میل یا کسی بھی زریعہ سے رابطہ کرے، ہراساں کرے یا کوئی بھی ایسا کام جس کا تعلق علاج سے نہ ہو۔
# پرائیویسی کے معاملات کافی پیچیدہ ہوتے ہیں جن کے بارے میں معلومات نہ ہونے کی وجہ سے کلائینٹ کا تھراپسٹ قانونی کاروائی کا سامنا کر سکتے ہیں اس لیئے اس اقرار نامے میں کسی بھی قسم کا سوال زہن میں آئے تو ہمیں بذریعہ ای میل رابطہ کریں۔ تا کہ مزید معلومات فراہم کی جا سکے۔
ایک بات یاد رکھیں جب تک ہماری طرف سے Confirmation Email نہ آئے کسی صورت سایکالوجسٹ سے رابطہ نہ کریں اور نہ ہی کوئی فیس ادا کریں۔

9:ادویات کے متعلق پالیسی:

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ ہمارا ادارہ سائیکالوجی کے متعلق ہے جس میں مریض کا علاج میڈیکل کے اعتبار سے نہیں کیا جاتا۔ البتہ وہ افراد / کیسسز جن کو سائیکاٹرسٹ کی خدمات ضرورت پڑ جائیں تو ہم صرف اپنے Verified Psychiatrist سے مریض کے میڈیکل پہلوؤں کا معائنہ کرواتے ہیں اور یہ سائیکاٹرسٹ اس بات کے پابند ہوتے ہیں کہ وہ مریض کے کیس کے متعلق سائیکالوجسٹ کو آگاہ کریں اور Psychotropics یعنی کہ نفسیات کی ادویات کا Rationale دیں اور دوران Discusssion ان ادویات کے مثبت اور منفی پہلوؤں پر بحث کی جائے۔ اور ادویات اتنی ہی مقدار میں دی جائیں جتنی کہ تھراپی سیشنز کے ساتھ ساتھ ختم ہو جائیں۔ Long Term Medication کے لیئے کلائینٹ کو کسی بھی اس کے اپنے ایریا کے سائیکاٹرسٹ کے پاس ریفر کر دیا جائے گا۔ ہمارے سائیکاٹرسٹ کی Prescribe کردہ ادویات صرف ایک بار اور اتنی ہی مقدار میں خریدی جا سکتی ہیں جتنی لکھی گئی ہوں۔ اس کے علاوہ اگر مریض خود اپنی مرضی سے ادویات خریدتا ہے تو اس کا زمہ دار مریض خود ہو گا۔

9.1: اٹھارہ سال سے کم عمر افراد کو ادوایات نہیں Prescribe کی جاتیں البتہ سائیکاٹرسٹ Rationale دے کر جیسا کہ مرگی وغیرہ کے مریضوں کا ادویات Prescribe کر سکتے ہیں۔ 18 سال سے کم عمر لیکن Psychotic Features کے مریضوں کو سرکاری ہسپتال ریفر کر دیا جاتا ہے۔

9.2: مریض ادویات Prescription سے پہلے اپنے گھر کے سربراہ کو آگاہ کرے گا۔

9.3: ادویات اسی صورت Presribe کی جاتی ہیں جب کونسلنگ / سائیکاتھراپی اکیلے ہی فائدہ مند ثابت نہ ہو۔ تاہم۔ ادویات کے ساتھ ساتھ سائیکوتھراپی سیشنز بھی جاری رہتے ہیں جبکہ مریض کی حالت Ideal Situation تک نہ پہنچ آئے۔

9.4: یہ HLPS کے معالجین تعین کرتے ہیں کہ کس مریض کوہ ادویات کی ضرورت ہے اور ادویات حاصل کرنے کے بعد مریض کی زندگی میں بہتری آئے گی لہذا مریض اپنی مرضی سے ادویات کی ڈیمانڈ نہیں کر سکتا۔

9.5: مریض مقررہ مقدار سے زائد ادویات نہیں خرید سکتا۔ اور ہمارے ڈاکٹر کی ہدایات کے بغیر Self Medication کا ذمہ دار ہمارا عملہ نہیں ہو گا۔
9.6: اگر مریض پہلے سے کوئی ادویات استعمال کر رہا ہے اور ان ادویات کا غلط استعمال کے زمہ دار ہم نہیں ہوں گے۔

18 سال سے کم عمر افراد کے لیئے ان کے فیملی ممبرز کارابطہ کرنا ضروری ہے۔

آپ کے علاج کا زیادہ سے زیادہ دورانیہ 3 ماہ ہے۔ اور کیس Closing پر آپ کو ایک الوداعی ای میل کر دی جاتی ہے جس کا مطلب ہے کہ علاج کا وقت ختم ہوا چاہتا ہے۔ اب دوبارہ اگر رابطہ کرنا ہو تو نئے سرے سے Appointment لینی ہو گی۔

اس فارم پر اپنے دستخط کر کے ہمیں واپس ارسال کریں۔ یا بذریعہ ای میل اس کو پڑھنے، سمجھنے کے بعد ان تمام Terms & Conditions کی تصدیق کر دیں کہ آیا آپ متفق ہیں یا نہیں؟

ہمارا تمام تر علاج مریض کے Consent پر منحصر ہے لہذا آپ کا علاج کے طریقہ کار اور تمام مراحل کے ساتھ متفق ہونا اہم ہے۔ تا کہ آپ کا علاج بہتر طور پر کیا جا سکے۔

نام مریض: --------------------
تاریخ:------------------------------
فون نمبر:-----------------------

منجانب: ہیپی لائف سائیکالوجیکل سروسز پاکستان

ڈائریکٹر: نوید سلطان
ای میل ایڈریس: HappyLifeClinics@Gmail.com
رابطہ نمبر: +92-3000945066